محترمی پبلک ہاؤسنگ اور سیکشن 8 کے مکین،

نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ہاؤسنگ اور شہری ترقی کے شعبہ (Department of Housing and Urban Development)، نیو یارک سٹی محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (New York City Department of Health and Mental Hygiene)، نیو یارک سٹی ایمرجنسی مینیجمنٹ (New York City Emergency Management)، اور دیگر شہری، ریاستی اور وفاقی پارٹنروں کے قریبی رابطہ میں رہ کر نیو یارک شہر میں کورونا وائرس (COVID-19) نیز اس بات پر نظر رکھنے کے لیے کام کر رہی ہے کہ یہ کس طرح ہمارے مکینوں اور ملازمین کی صحت وسلامتی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

کل، Mayor Bill de Blasio نے نیو یارک سٹی میں ہنگامی حالت کا اعلان جاری کر دیا، اور ہم آپ کے ساتھ چند وہ اقدامات شیئر کرنا چاہتے ہیں جو ہم نے آپ کو محفوظ رکھنے، پریشانیوں میں تخفیف اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کیے ہیں۔

- NYCHA اسٹاف ہماری سبھی عمارتوں میں یومیہ زیادہ بار صفائی کر رہا ہے اور جن جگہوں پر آمد ورفت زیادہ ہے نیز جن حصّوں کو زیادہ بار چھوا جاتا ہے ان پر خاص توجہ دی جا رہی ہے، ان میں عمارت میں داخل ہونے کے دروازے، ایلیویٹر کنٹرولز، میل باکسز، اور ٹریش شوٹ (trash chute) کے دہانے شامل ہیں۔ ہم لوگ NYCHA کے ذمہ داران اور صفائی خدمات کی کمپنیوں دونوں کا استعمال کر رہے ہیں۔

- ہم لوگوں نے معمر لوگوں کی عمارتوں اور دیگر ان کیمپسوں کی گہری صفائیوں کے لیے جو کہ COVID-19 سے متاثر ہو سکتے ہیں ایک بیرونی وینڈر کو بحال کیا ہے۔ وینڈر ایک دو مراحل پر مشتمل کارروائی کا استعمال کرتا ہے جس میں گہری صفائی اور ایک حیاتی/ماحول-کے لیے سازگار حفاظتی پرت ہوتی ہے جو کہ جراثیم کو سطح سے چپکنے سے پہلے مار دیتی ہے اور عام طور پر یہ 90 دنوں تک قائم رہتا ہے۔ ایک احتیاطی اقدام کے طور پر، ہم لوگ وینڈر سے یہ کام 30 دنوں کے دورانیے میں کرائیں گے۔ وینڈر نے بدھ، مارچ 11، کو صفائی کی جد وجہد شروع کر دی۔

- فوری طور پر مؤثر، ہم نے تمام منصوبہ بند انقطاع (outages) کو اگلے نوٹس تک معطل کر دیا ہے۔

- جب تک سٹی کو ہنگامی حالت کا سامنا ہے، ہم لوگ رہائش گاہوں کو خالی کرانے کا کام موقوف کر رہے ہیں۔

- NYCHA کے سیلف سروس پورٹل (Self-Service Portal) https://selfserve.nycha.info، تک رسائی حاصل کر کے یا کسی کاغذی فارم کے لیے پراپرٹی انتظامیہ دفتر سے درخواست کر کے NYCHA کی موجودہ کرائے کی دشواری سے متعلق پالیسی کے مطابق، ہم لوگ ایسے گھرانوں کی آمدنی میں کسی کمی کے لیے ایک عارضی توثیق (Interim Recertification) کی درخواست کرنے کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں جنہیں آمدنی کے ایسے نقصان کا سامنا ہے جو کہ دو مہینوں تک جاری رہے۔

- NYCHA کا دفتر برائے انتظامی شنوائی (Administrative Hearing Office) دو ہفتوں کے لیے تمام معاملات کو معطل کر رہا ہے، جس کے بعد ہم لوگ یہ طے کرنے کے لیے شنوائی کے شیڈول کا از سر نو جائزہ لیں گے کہ آیا معطلی کی مدت بڑھائی جانی چاہیے۔

- ہم لوگ 30 دنوں کے لیے NYCHA کے دفاتر اور عمارتوں میں شخصی عوامی میٹنگوں اور تقریبات کو معطل کر رہے ہیں۔

- ہم لوگ بروکلن اور برونکس کسٹمر کانٹیکٹ واک-ان سنٹرز (Brooklyn and Bronx Customer Contact Walk-in Centers) عوام کے لیے بند کر رہے ہیں جن پر پیر سے عمل در آمد ہوگا۔

اس دوران جبکہ ہم لوگ اپنی NYCHA کمیونٹیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے یہ اہم حفاظتی اقدامات کر رہے ہیں، ہم لوگ مکینوں کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ٹرانزیکشنز مکمل کرنے کے لیے وہ اتھارٹی کے خود کار اور آن لائن نظاموں کا استعمال کریں، جن میں MyNYCHA، سیلف سروس پورٹل (Self-Service Portal) اور کیوسک شامل ہیں۔ MyNYCHA ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ، ملاحظہ کریں: on.nyc.gov/mynycha۔

جیسے جیسے COVID-19 کے سلسلہ میں نئی معلومات دستیاب ہوں گی ہم لوگ آپ کو تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے۔ اگر آپ کے پاس کوئی سوالات یا تشویشات ہوں تو برائے مہربانی گاہک رابطہ مرکز (CCC) کو 718-707-7771 پر کال کریں۔

COVID-19 سے متعلق مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں nyc.gov/coronavirus.